# سالانہ نصاب

## سیشن 2023-24

(Class-VII) URDU -III

**جان پہچان (اردو III)**

| پچھلی جماعت سے متعلق عنوانات | ساتویں جماعت کے اسباق | آموزشی مقاصد | آموزشی ماحصل | سیکھنے کے طریقے |
|---|---|---|---|---|
| نیا گھر (کہانی) | 2-اپنا کام خود کرو (کہانی) | طلبا اس سبق سے خود کام کرنے کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے اور اپنی زندگی میں استعمال کر سکیں گے اور اس کہانی کو بیان کر سکیں گے۔ | طلبا کہانی پڑھ کر سمجھتے ہیں اور اس سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ | • نظم کی تدریس میں تمہیدی گفتگو، شاعر کا تعارف، بلند خوانی، تلفظ کی مشق، اشعار کی تشریح، نظم کا مرکزی خیال، استحسان شعر اور مشکل الفاظ کی نشاندہی وغیرہ کا خیال رکھا جائے۔<br>• نثر کی تدریس میں تمہیدی گفتگو، بلند خوانی، مشکل الفاظ کی نشاندہی، تلفظ کی مشق، تفہیم عبارت، خاموش مطالعہ اور سبق کا خلاصہ، وغیرہ کا خیال رکھا جائے۔<br>• درسی اور غیر درسی اقتباسات (شعری و نثری) پر مبنی سوالات کی مشق کرائی جائے۔<br>• طلبا و طالبات سے نظموں کو زبانی یاد کرائیں اور کمرہ جماعت میں مناسب لب و لہجہ اور ترنّم کے ساتھ انھیں سنانے کے مواقع فراہم کرائیں۔<br>• ہر سبق کے آخر میں سبق سے متعلقہ مشقوں کے علاوہ دوسری مشقیں بھی تیار کی جائیں اور طلبا کے اشتراک سے کمرۂ جماعت میں انھیں حل کرائی جائیں۔<br>• طلبا کے بھرپور اشتراک سے مضمون نویسی، درخواست نویسی، خطوط نویسی کی تدریس کے عمل کو انجام دیا جائے۔<br>• خصوصی ضروریات کے حامل طلبا کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تدریسی و آموزشی عمل میں سمعی و بصری آلات کا بھی بھرپور استعمال کیا جائے۔ |
| ہمارا وطن (نظم) چکبست | 4-ہر انسان برابر ہے (نظم) مظفر حنفی | طلبا نظم پڑھ کر انسان کی برابری کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے اور نظم سے متعلق اپنے تاثرات پیش کر سکیں گے۔ | نظم کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں لکھتے ہیں۔ | |
| | 5-سادگی (شخصیت) | طلبا اس سبق کو پڑھ کر شخصیت کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے اور شخصیت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں گے۔ | طلبا کہانی کو پڑھ کر اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھتے ہیں۔ اس میں آنے والے محاوروں کو جملوں میں استعمال کرتے ہیں۔ | |
| درختوں سے محبت (نظم) مدحت الاختر | 7-بسنت (نظم) نظیر لدھیانوی | اس نظم کو پڑھ کر طلبا ہندوستان کے مختلف موسموں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے اور ان موسموں سے متعلق اپنے تجربات تحریر کر سکیں گے۔ | طلبا نظم کو مناسب لب و لہجہ اور اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ | |
| | 9-کولتار (مضمون) | کولتار اور اس سے بننے والی اشیا کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے اور اسے اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں گے۔ | طلبا سبق کو پڑھ کر اس کا خلاصہ لکھتے ہیں۔ | |
| **قواعد:** الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا | **قواعد:** واحد جمع، متضاد الفاظ، لفظوں کا جملوں میں استعمال، فعل کی مثالیں، تعریف اور اس کی قسمیں (فعل حال فعل ماضی، فعل مستقبل)، صفت کی مثال اور تعریف، الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا، مذکر مؤنث | | | |
| دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی الفاظ لکھنا، تصویروں کے نام لکھنا | **تحریری مہارتیں (درخواست/خط)**<br>دو دن کی چھٹی کے لیے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام درخواست۔<br>سیکشن بدلنے کے لیے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام درخواست۔<br>محنت سے پڑھائی کرنے کے لیے چھوٹے بھائی کے نام خط۔<br>مضامین: یوم آزادی، یوم اساتذہ، میرے والدین، کسی سفر کے حالات۔ | | | |

| | | |
|---|---|---|
| | | • نظم کی تدریس کو موثر اور دلچسپ بنانے کے لیے نظم کو آڈیو کے ذریعہ کمرۂ جماعت میں سنانے کا اہتمام کیا جائے۔ |

نوٹ: مذکورہ بالا نصاب 15 ستمبر 2023 تک مکمل کرادیا جائے۔

## MID TERM EXAMINATION

| پچھلی جماعت سے متعلق عنوانات | ساتویں جماعت کے اسباق | آموزشی مقاصد | آموزشی ماحصل | سیکھنے کے طریقے |
|---|---|---|---|---|
| | **نوٹ:** امتحان کی کاپیوں کی جانچ اور طلبا و طالبات کی غلطیوں کی اصلاح۔<br>11- چاند بی بی (شخصیت) | طلبا اس سبق کو پڑھ کر چاند بی بی کی شخصیت اور ان کے کارناموں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے اور اسے اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں گے۔ | پڑھے ہوئے اور نئے الفاظ کو اعراب اور آوازوں کے فرق کے ساتھ پڑھتے اور سمجھتے ہیں۔ | • نظم کی تدریس میں تمہیدی گفتگو، شاعر کا تعارف، بلند خوانی، تلفظ کی مشق، اشعار کی تشریح، نظم کا مرکزی خیال، استحسان شعر اور مشکل الفاظ کی نشاندہی وغیرہ کا خیال رکھا جائے۔<br>• نثر کی تدریس میں تمہیدی گفتگو، بلند خوانی، مشکل الفاظ کی نشاندہی، تلفظ کی مشق، تفہیم عبارت، خاموش مطالعہ اور سبق کا خلاصہ، وغیرہ کا خیال رکھا جائے۔<br>• درسی اور غیر درسی اقتباسات (شعری و نثری) پر مبنی سوالات کی مشق کرائی جائے۔<br>• طلبا و طالبات سے نظموں کو زبانی یاد کرائیں اور اسے کمرۂ جماعت میں مناسب لب ولہجہ کے ساتھ سنیں۔<br>• ہر سبق کے آخر میں سبق سے متعلقہ مشقوں کے علاوہ دوسری مشقیں بھی تیار کی جائیں اور طلبا کے اشتراک سے کمرۂ جماعت میں انھیں حل کرائی جائیں۔<br>• طلبا کے بھرپور اشتراک سے مضمون نویسی، درخواست نویسی اور خطوط نویسی کی تدریس کے عمل کو انجام دیا جائے۔<br>• خصوصی ضروریات کے حامل طلبا کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تدریسی و آموزشی عمل میں سمعی و بصری آلات کا بھی بھرپور استعمال کیا جائے۔ |
| | 14-سونے کا چوہا (کہانی) | کہانی کو پڑھ کر طلبا سمجھ سکیں گے اور اس کو اپنے الفاظ میں تحریر کر سکیں گے۔ | پڑھی ہوئی کہانیوں کو لکھتے ہیں اور اس پر اپنی پسند اور ناپسند کا اظہار کرتے ہیں۔ | |
| کوئل (نظم) | 16-نیل گگن میں تارے (نظم) | طلبا اس نظم کو پڑھ کر اس میں آنے والے مشکل الفاظ کو سمجھ سکیں گے اور اپنی تحریروں میں ان لفظوں کا مناسب استعمال کر سکیں گے۔ | نظم کو درست لب ولہجہ اور روانی کے ساتھ سمجھ کر پڑھتے ہیں۔ | |
| | 17-موقع پرست (کہانی) | کہانی کو سمجھ کر پڑھ سکیں گے اور اس طرح کی دوسری کہانیوں کو پڑھ کر اس کو اپنے الفاظ میں سنا سکیں گے۔ | کہانی کو سمجھ کر طلبا اپنے ذاتی تجربات کو کہانی سے ہم آہنگ کر سکتے ہیں۔ | |
| | 18-پرندوں کا شیدائی (شخصیت ) | طلبا کو شخصیت کے مختلف پہلوؤں سے روشناس ہو سکیں گے اور شخصیت سے متعلق اپنے تجربات تحریر کر سکیں گے۔ | طلبا سالم علی کی شخصیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ | |
| | 19-اردو زباں ہماری (نظم ) ماخوذ | طلبا اردو زبان کی خوبیوں سے واقف ہو سکیں گے اور اردو زبان سے متعلق اپنے تاثرات بیان کر سکیں گے۔ | نظم کو مناسب لب ولہجہ اور ترنّم کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ | |
| قواعد: الفاظ کے | **قواعد:** واحد جمع، متضاد الفاظ، محاوروں اور لفظوں کا جملوں میں استعمال، مذکر مؤنث، لاحقہ، اسم کی مثالیں، | | | |

| | | |
|---|---|---|
| حروف الگ الگ کرنا۔ | تعریف اور اس کی قسمیں۔ | • نظم کی تدریس کو موثر اور دلچسپ بنانے کے لیے نظم کو آڈیو کے ذریعہ کمرۂ جماعت میں سنانے کا اہتمام کیا جائے۔ |
| دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی الفاظ لکھنا، تصویروں کے نام لکھنا۔ | **تحریری مہارتیں (درخواست /خط)**<br>شادی میں شرکت کی خاطر دو دن کی چھٹی کے لیے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام درخواست۔<br>دوست کو محنت اور لگن سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے خط۔<br>والد کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں سے واقف کرانے کے لیے خط لکھیے۔<br>**مضامین:** علم کی اہمیت، پسندیدہ شخصیت، اسکول کا سالانہ جلسہ، یوم جمہوریہ اور وقت کی اہمیت۔ | |

**نوٹ:**

- مذکورہ بالا نصاب 31 جنوری 2024 تک **مکمل** کرا دیا جائے۔
- سالانہ امتحان پورے نصاب پر مبنی ہو گا۔

**سالانہ امتحان (Annual Examination)**